سوال

(405) کیا فقیر باپ بیٹے پر ایک دوسرے کے حج کا خرچ واجب ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا والد کے ذمہ اپنے فقیر بیٹے کے فریضہ حج کا خرچہ کرنا واجب ہے اور کیا بیٹے کے ذمہ فقیر باپ کے فریضہ حج کا خرچہ کرنا واجب ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسا کرنا واجب نہیں اس لیے کہ عبادات میں استطاعت شرط ہے اور یہ استطاعت کسی دوسرے سے حاصل نہیں ہوسکتی، اس لیے دونوں پر ایک دوسرے کا خرچہ واجب نہیں ۔ لیکن اگر والد نے اپنے غنی بیٹے سے حج کا خرچہ طلب کیا تو احسان کے اعتبار سے وہ والد کو خرچہ ادا کرے کیونکہ والد کے ساتھ نیکی کرنے کا حکم ہے لہذا اس اعتبار سے یہ لازم وضروری ہوگا ۔ (واللہ تعالیٰ اعلم) (شیخ ابن عثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص491

محدث فتویٰ